© rasailojaraid.com



بزرگ حضرت مولانا عبدالحق صاحب حق تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور ان کے فیضان میں برکت ہو وہ کافی ہیں اور وافی ہیں۔ آپ حضرات کی نصیحت کے لئے اور وعظ کے لئے مولانا کو حق تعالےٰ نے جو فضل وکمال دیا ہے وہ تو ظاہر ہے۔ اور علم وفضل ہر حیثیت سے بڑے ہیں۔ میں یہ سمجھ رہا تھا کہ میں ہر حیثیت سے ان سے چھوٹا ہوں۔ تو عمر میں بھی شاید چھوٹا ہوں۔ مگر ابھی معلوم ہوا کہ مولانا کی عمر زیادہ نہیں۔ تو ایک فضیلت تو مجھے حاصل ہے۔ کہ میں کم سے کم عمر میں تو زیادہ ہوں، اگر علم وفضل میں زیادہ نہیں۔ تو بہرحال ان کی زیارت سے مشرف ہوا۔ اور آپ حضرات کے لئے جذبات محبت وخلوص جو پہلے بھی دل میں تھے اور زیادہ بڑھ گئے۔

مصافحہ کے لئے لوگ بہت دوڑتے ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ مصافحہ برکت کی چیز ہے۔ بڑی نعمت ہے، حدیث میں ارشاد فرمایا گیا کہ دو مسلمان جب بڑھتے ہیں مصافحہ کے لئے اور ان کے چہروں پر مسکراہٹ ہوتی ہے محبت وخلوص کی تو ہاتھ ملنے نہیں پاتے کہ پچھلے گناہ بخشدئے جاتے ہیں۔ تو بہت بڑی فضیلت ہے۔ مگر ہر فضیلت کے کچھ آداب بھی ہوتے ہیں اگر اس فضیلت کو حاصل کرنے کے لئے دوسروں کو اذیت پہنچے تو ایذاء رسانی کا گناہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ اس کا اجر اتنا نہیں ہوتا۔ تو دھکم دھکا کر کے مصافحے کرنا یہ اذیت ہے، اور ایذاء رسانی سے بچنے کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں نے آپ سے عرض کیا۔ اور واپسی میں ہے عجلت اور مصافحہ میں دیر لگے گی اس واسطے میں معافی چاہتا ہوں۔ ہمارے دل ملے ہوئے ہیں۔ اور دلوں کا ملاپ بالکل کافی ہے۔ برکت ہوگئی ——۔

ایک عالم کا چہرہ دیکھنا بھی عبادت میں داخل ہے۔ تو یہاں اتنے علماء اتنے صلحاء اتنے طلبہ سینکڑوں کی تعداد میں جمع ہوں۔ تو ان کا چہرہ دیکھنا بھی ہمارے لئے عبادت کے درجے میں ہے۔ اسکی برکت اور فضیلت بہت ہے تو جاتے وقت مصافحہ کی تکلیف نہ فرمائی جائے۔ علاوہ وقت کی تنگی کے میں بہت زیادہ ضعیف بھی ہوں اور علیل بھی۔ تو آپ میں سے ہر ایک کو تو ایک دفعہ ہاتھ ملانا ہوگا۔ اور مجھے سینکڑوں دفعہ تو میرے ہاتھ میں اتنی طاقت نہیں کہ پانچ سو دفعہ ہاتھ ملانا پڑے۔ تو بہرحال یہ حق تعالیٰ کا فضل ہے کہ زیارت نصیب ہوگئی آپ حضرات کی۔

اور اجتماع بھی ہوگیا۔ اجتماع خود ایک باعث برکت چیز ہے۔ اسلام میں۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ چالیس مسلمان اگر ایک جگہ جمع ہوں تو ان میں سے ایک نہ ایک مقبول عنداللہ ضرور ہوتا ہے۔ تو جب سینکڑوں کی تعداد میں جمع ہوں تو کتنے مقبولین ہوں گے۔ اور ان کا ملنا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیکھنا یہ ذریعہ نجات ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ نے یہ سعادت میسّر فرمادی اس کا شکر ہے۔ اس کا فضل ہے احسان ہے اور باعثِ سعادت ہے۔ حق تعالیٰ راستے کھول دے تاکہ بار بار یہاں آنے کی نوبت آئے چار سال پہلے تقریباً کوئی سال ایسا نہیں گذرتا تھا کہ میں پاکستان حاضر نہ ہوں۔ مگر بیچ میں پیدا ہوگئی رکاوٹ اب اسباب ایسے پیدا ہوگئے ہیں کہ کچھ توقع ہوئی ہے کہ راستے کھل جائیں گے۔ اور کچھ میل ملاپ بھی قائم ہوگا۔ تو آمد و رفت میں بھی سہولت ہوگی۔ یہ وقت بہت کم ملا۔ مگر اللہ تعالیٰ راستے کھول دے۔ تو اسکی تلافی انشاء اللہ بعد میں ہوگی۔ اب چند گھنٹے قیام ہے۔ اس وقت ممکن ہے کہ ایک دو دن قیام ہو اور مل کر بیٹھیں بات چیت کریں۔ تو یہ آئندہ انشاء اللہ ہو جائے گا۔ اس وقت تو صرف شکریہ عرض کرنا ہے۔

آپ حضرات نے سپاسنامہ اور تحریراً دعانامہ پیش فرمایا یہ میرے لئے انشاء اللہ ذریعہ نجات اور ذریعہ سعادت ہے۔ مگر تعارف کرانے میں مبالغہ سے کام لیا گیا۔ اور یہ ایک طبعی بات ہے۔ کہ جب مہمان آتا ہے۔ تو اس کا تعریفی کلمات سے تعارف ہو۔ مگر ہے وہ مبالغہ۔ میرا تعارف صرف اتنا ہے کہ میں دارالعلوم دیوبند کا ایک ادنیٰ سا طالب علم ہوں وہاں کے علماء کی جوتیاں سیدھی کرنا بس یہ میرا کام ہے اس سے زیادہ کوئی تعارف نہیں البتہ ایک نسبت ہے وہ بڑی چیز ہے۔ میں خود حقیر سہی مگر وہ نسبت بڑی اونچی ہے ؎

گرچہ خوردیم نسبتے ست بزرگ ذرہ آفتاب تابانیم

حضرت نانوتویؒ کی نسبت وہ نسبت بیشک بڑی ہے گو اس کا ہم لوگ حق ادا نہیں کرسکے مگر نسبت تو بہرحال نسبت ہی ہے۔ تو تعارف میرا یہی ہے۔ کہ میں دارالعلوم دیوبند کے علماء کا ایک خادم دارالعلوم کا ایک طالب العلم اور حضرت نانوتویؒ سے نسبی نسبت، تو اسی وجہ سے لوگ لحاظ پاس رکھ لیتے ہیں۔ مگر اپنے اندر نہ کوئی لیاقت ہے نہ قابلیت ہے۔ تو بس سیدھا سادھا تعارف یہی ہے۔ اور آپ نے جو تعارف کیا اس میں آپ حضرات نے اپنے حوصلے کی بلندیوں کا اظہار فرمایا ہے۔ میرا کوئی وصف ظاہر نہیں کیا۔ جتنے بھی آپ نے کلمات کہے وہ آپ لوگوں کے ظرف کی وسعت، عالی حوصلگی اور خورد نوازی ہے ــــ تو آپ نے اپنی شان بیان کی اس میں میرا کوئی وصف نہیں۔ تو قاعدے سے اس وقت میں یہ ضروری بھی نہیں سمجھتا کہ شکریہ ادا کروں میرے متعلق کچھ باتیں فرماتے تو میں شکریہ ادا کرتا۔ آپ نے اپنی بلندی اور رفعت ظاہر فرمادی تو اس کا اعتراف کروں گا۔ اور شکریہ ادا کرنے کا کوئی موقعہ نہیں۔ حق تعالیٰ آپ کے اس حسنِ ظن کو قائم رکھے

© rasailojaraid.com

